Maulana Azad National Urdu University

M.A. Persian : IV Semester Examination, June 2021

Paper : MAPR401DST : Manuscriptology

پرچہ : مخطوطہ شناسی

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. مخطوطہ سے کیا مراد ہے؟ اس کی ادبی اہمیت واضح کیجیے۔
2. کاغذ کی ایجاد سے قبل ہندوستان میں کون سے سامان تحریر استعمال ہوتے تھے؟
3. مصری قوم نے پپائرس کے پودے سے کس طرح سامان تحریر فراہم کیا اور کاغذ تیار کیا؟
4. مخطوطہ کی وضاحتی فہرست کیسے تیار کی جاتی ہے؟ مثال کے ذریعہ بیان کیجیے۔
5. ماحول کی حرارت اور رطوبت مخطوطات پر کس طرح مضر اثرات ڈالتے ہیں؟ مختصر نوٹ لکھیے۔
6. فارسی میں آرائشی خطوط کون کون سے ہیں؟ کسی ایک کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔
7. خط کوفی کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے اس پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔
8. مخطوطات کی درجہ بندی میں محقق کو کن اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے؟
9. تیز روشنی مخطوطات کے لیے کس طرح مضر ہو سکتی ہے؟
10. خط میخی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ دوم

11. مصر، ایران اور ہندوستان کے قدیم تمدنوں میں لوازم تحریر کی ایجاد، ابتداء اور ارتقاء سے متعلق تفصیلی مضمون لکھیے۔
12. فارسی رسم الخط کی ابتداء اور ارتقا سے متعلق سیر حاصل بحث کیجیے۔
13. فارسی دستاویزات کی اہمیت اور افادیت پر بحث کرتے ہوئے مختلف دستاویزات کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔
14. مخطوط شناسی ہماری تہذیبی اور ادبی میراث تحفظ کے لیے بہت اہم علم ہے؟ سیر حاصل بحث کیجیے۔
15. مندرجہ ذیل دو عنوانات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(a) خط نسخ (b) ترقیمہ (3) خط تصویری (4) مخطوطے کا عنوان

☆☆☆